نیلام عام

بعدالت جناب محمد ابراہیم اصغر جج بینکنگ کورٹ بہاولپور

بسلسلہ درخواست اجراء نمبر **77/2021**
بعنوان: زرعی ترقیاتی بنک لمیٹڈ برانچ ظاہر پیر ضلع رحیم یار خان

بنام

نجیب اللہ خان ولد امام بخش قوم جتوئی
سکنہ ٹھٹھہ درگروچہ تحصیل خانپور ضلع رحیم یار خان

ہرگاہ عوام الناس کی اطلاع کیلئے بذریعہ نوٹس ہذا اعلان کیا جاتا ہے کہ دعویٰ نمبر **463/2019** کا فیصلہ بحکم عدالت ہذا مورخہ **31-05-2021** میں ہوا تھا اور اب درخواست اجراء متذکرہ بالا عدالت ہذا نے زیر آرڈر 21 رول 64 ضابطہ دیوانی دعویٰ مذکورہ کا زر ڈگری مبلغ **-/425000** روپے اور خرچہ مقدمہ ومروجہ کاسٹ آف فنڈ از تاریخ نادہندگی **07-07-2015** تا تاریخ مکمل ادائیگی صادر ہوئی جس کی وصولی کیلئے جائیداد مرہونہ مفصلہ ذیل کو بذریعہ نیلام عام فروخت کرنے کا حکم صادر کیا ہے۔

تفصیل جائیداد معہ حقوق وکفالت اور تشخیص مالیہ

رہن شدہ زرعی اراضی اندریں کھاتہ نمبر 185، کھتونی نمبر 185، اراضی تعدادی 1160K 18 مرلے
(حصہ منتقلہ 7150/23218) i.e 357 کنال 10 مرلے
واقع موضع ٹھٹھہ درگروچہ تحصیل خانپور ضلع رحیم یار خان

Date of Proclamation: 01-07-2024

پروگرام نیلام: اگر التواء کا کوئی حکم موصول نہ ہوا تو **محمد بلال** ایڈووکیٹ/کورٹ آکشنر عدالت ہذا جائیداد متذکرہ بالا کا نیلام عام حسب ضابطہ مشتہری کیساتھ بمقام برموقع جائیداد مرہونہ مورخہ **02-08-2024** بروز جمعہ **11** بجے دن شروع ہو کر منعقد کرے گا۔ تاہم اگر بولی ختم ہونے سے قبل مفصلہ بالا ڈگری اور خرچہ نیلام ادا کر دیا جائے تو نیلام موقوف ہو جائے گا۔ خواہشمند عوام الناس کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ ذاتی طور پر یا اپنے بااختیار نمائندہ کے ذریعے نیلام میں حصہ لیں تاہم مدیون یا ان کی جانب سے کوئی بھی شخص بلا پیشگی اجازت عدالت بولی نہیں دے سکتا اور نہ ہی اس طرح ان کو کی گئی فروخت مستند تصور ہوگی۔

مزید شرائط نیلامی

(1) نیلام مدیون/مدیونان کی جائیداد مذکورہ کا ہوگا جس کی نسبت ان کے حقوق وکفالت جہاں تک عدالت کو دریافت ہو سکے بیان کئے گئے ہیں لیکن اشتہار ہذا میں کسی غلطی، خلاف بیانی یا فروگذاشت کی عدالت ذمہ دار نہ ہوگی۔ (2) مبلغ **-/20,000** روپے زرضمانت معہ نقل شناختی کارڈ نیلام کنندہ کے پاس جمع کرا کر بولی میں حصہ لیا جا سکے گا جو ناکام بولی دہندگان کو بعد اختتام نیلام قابل واپسی ہوں گے۔ جبکہ کامیاب خریدار یہ رقم زرنیلام کی ادائیگی میں محسوب کر سکے گا۔ (3) نیلام جیسا ہے جہاں ہے کی بنیاد پر ہوگا۔ (4) جائیداد متذکرہ بالا کی ریزرو پرائس مبلغ **-/166375** روپے پر ایکڑ مقرر کی گئی ہے۔ (5) بولی بڑھانے کی رقم کا فیصلہ نیلام کنندہ کرے گا۔ (6) بولی کی رقم یا بولی دہندہ کی نسبت کوئی تنازعہ پیدا ہوا تو جائیداد کو فوری طور پر پھر سے نیلام کیا جائے گا۔ (7) سب سے زیادہ بولی دہندہ کو کامیاب خریدار قرار دیا جائے گا بشرطیکہ وہ قانوناً جائیداد زرنیلام خریدنے کا مجاز ہو نیز عدالت یا نیلام کنندہ آفیسر کی صوابدید ہوگی کہ اگر وہ تصور کریں کہ بولی واضح طور پر کم ہے اور جائیداد کا اس بولی پر فروخت کرنا مناسب نہ ہے تو وہ بولی نامنظور کر دیں۔ (8) یہ عدالت کی صوابدید ہے کہ وہ نیلام کو کسی دیگر مخصوص دن/وقت تک ملتوی کر دے نیز نیلام کنندہ آفیسر بھی وجوہات تحریر میں لا کر نیلام ملتوی کر سکتا ہے جس کیلئے اس پر احکامات آرڈر XXI رول 69 ضابطہ دیوانی کی پابندی ضروری ہے۔ (9) منقولہ جائیداد کا کامیاب خریدار نیلام ختم ہونے پر فوری طور پر یا جس وقت اس کو نیلام کنندہ آفیسر ہدایت کرے سالم زرنیلام موقع پر ادا کرے گا عدم تعمیل کی صورت میں جائیداد فوری طور پر نیلام کی جائے گی۔ (10) غیر منقولہ جائیداد کا کامیاب خریدار اور زرنیلام کا بقیہ 25% اس وقت موقع پر آفیسر نیلام کنندہ کو ادا کریگا عدم ادائیگی کی صورت میں جائیداد دوبارہ نیلام کی جائے گی۔ (11) بقیہ 75% زرنیلام وہ نیلامی کے روز سے پندرھویں دن تک عدالت برخاست ہونے سے قبل عدالت میں جمع کرائے گا تاہم اس دن کوئی تعطیل ہو تو وہ یہ رقم عدالت دوبارہ کھلنے کے پہلے دن جمع کرا سکتا ہے لیکن عدم ادائیگی کی صورت میں اشتہار کے از سر نو اجراء کے ذریعے جائیداد نیلام کی جائے گی اور عدالت مناسب تصور کرے گی تو قاصر کامیاب خریدار کی جمع کردہ رقم بعد منہائی اخراجات دوبارہ نیلام بحق سرکار ضبط کر لے گی اور قاصر کامیاب خریدار یا اس نیلام ثانی سے حاصل شدہ رقم یا اس کے جزو پر کوئی حق نہ ہوگا۔ (12) قبضہ جائیداد عدالت کے سیل سرٹیفکیٹ جاری کرنے پر حاصل کیا جا سکے گا جس کے ہر قسم کے اخراجات اور جائیداد سے متعلق جملہ بقایاجات واجبات سرکار بذمہ خریدار ہونگے۔

نوٹ: جائیداد درج بالا کا موقع ملاحظہ کیا جا سکتا ہے مزید تفصیلات کیلئے عدالت موصوف، دفتر آکشنر متعلقہ بینک برانچ سے دفتری اوقات میں رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

تحریر: **28-06-2024** — آئندہ تاریخ پیشی: **05-08-2024** مقرر ہے۔

المشتہر

محمد بلال

ایڈووکیٹ/کورٹ آکشنر
چیمبر نمبر II، نزد گول مسجد، ڈسٹرکٹ کورٹس، بہاولپور
0306-1910869

CamScanner